ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(434)

10-08-2023

**بہاولپور(          )ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کا جدید آئی ٹی سہولیات کے استعمال پر زور۔ پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی لیب کی طرف سے ماہ جولائی 2023 میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھیننے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 189 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق انجام تک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے جدید آئی ٹی سہولیات کو استعمال کرتے ہوئے ماڈرن پولیسنگ کے نظریہ کو فروغ دینے بارے ہدایات جاری کیں۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ماہ جولائی 2023 میں بہاولپور پولیس نے ای گیجٹ کی مدد سے لاکھوں روپے مالیت کے 189 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے۔پنجاب پولیس کے E۔گیجٹ ایپ کا استعمال موثر ثابت ہو رہا ہے۔موبائل فون چوری یا چھین لیا جائے تو اس کو اب آسانی سے ریکور کیا جا سکتا ہے۔پنجاب پولیس نے ای گیجٹ نام کی موبائل ایپ متعارف کرائی ہے جسے آسانی سے پلے سٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے،جس کے بعد کوئی بھی دکاندار اس کی مدد سے با آسانی جان سکے گا کہ اس کے پاس موجود موبائل فون جو کہ فروخت کرنے کیلئے آیا ہے کسی واردات میں ملوث یا چوری کا تو نہیں ہے جس بابت خدشہ ہونے یا علم ہونے کی صورت میں فوری متعلقہ پولیس کو اطلاع دی جاتی ہے دور حاضر میں پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کئی وارداتیں ٹریس کی جارہی ہیں جس سے معاشرے میں پولیس کا وقار مزید بلند ہو رہا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کا جدید آئی ٹی سہولیات کے استعمال پر زور۔گزشتہ ماہ ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھیننے گئے لاکھوں روپے مالیت کے موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (435)

مورخہ 10.08.2023

**بہاولپور(                    )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 09 ملزمان گرفتار۔ گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔ ایسے گھناؤنے جرائم کے مرتکب افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈان جاری رکھا جائے گا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائینز، تھانہ اوچشریف، تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان فرحان محمود، آصف بلوچ، حمزہ بشیر اور مسماۃ راحیلہ بی بی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 کلو 980 گرام چرس برآمد کر لی۔ اسی طرح شراب فروش کرنے والے افراد کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ مسافر خانہ، تھانہ چنی گوٹھ اور تھانہ اوچشریف پولیس نے 05 ملزمان غلام مرتضی، صابر، اعجاز بلوچ، ساجد اور انصر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 175 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**